**17.11.2024**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

**Music**

--------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور نائیجریا کے صدر بولا احمد **Tinubu** ابوجا میں بات چیت کرنے والے ہیں، جس میں کلیدی ساجھیداری اور باہمی تعلقات کا جائزہ لیا جائے گا۔

☆ نائیجریا ، وزیر اعظم نریندر مودی کو گرانڈ کمانڈر آف دی آرڈر آف **Niger** ایوارڈ سے سرفراز کرے گا۔

☆ بھارت نے اڈیشہ کے ساحل کے نزدیک طویل دوری کے پہلے ہائپر سونک میزائل کی کامیاب آزمائش کی ہے۔

☆ آسٹریلیا ، جاپان اور امریکہ نے بھارت - بحرالکاہل خطے میں بھارت کی بحری نگرانی کی کوششوں میں معاونت کرنے کے اپنے عہد کو دوہرایا ہے۔

☆ اور ہاکی میں، آج بہار میں خواتین کی ایشیائی چیمپئنز ٹرافی میں بھارت کا مقابلہ جاپان سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM NIGERIA VISIT**

وزیر اعظم نریندر مودی ابوجا میں نائیجیریا کے صدر بولا احمد **Tinubu** کے ساتھ بات چیت کرنے والے ہیں۔ دونوں لیڈر دو طرفہ کلیدی ساجھیداری کا جائزہ لیں گے اور باہمی تعلقات کو وسعت دینے کے نئے راستوں پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ بات چیت کے بعد کئی سمجھوتوں پر دستخط کئے جانے کی امید ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نائیجریا میں رہنے والے بھارتی برادری کے لوگوں سے خطاب بھی کریں گے۔

نائیجریا اپنے اعزاز گرانڈ کمانڈر آف دی آرڈر آف **Niger** سے وزیر اعظم مودی کو سرفراز کرے گا۔ جناب مودی یہ اعزاز حاصل کرنے والے دوسرے غیر ملکی شخصیت ہوں گے۔ اِس سے پہلے صرف ملکہ **Elizabeth** کو **1969** میں نائیجریا کے اِس ایوارڈ سے نوازا گیا تھا۔

یہ ایسا 17 واں بین الاقوامی ایوارڈ ہے، جس سے وزیر اعظم مودی کو سرفراز کیا جارہا ہے۔

جناب مودی نائیجریا کے دو دن کے دورے پر کل رات ابوجا پہنچے ہیں۔ وہاں پہنچنے پر اُن کا والہانہ انداز سے استقبال کیا گیا۔ گذشتہ 17 سال میں بھارت کے کسی وزیر اعظم کا نائیجریا کا یہ پہلا دورہ ہے۔ وزیر اعظم مودی کو ابوجا شہر کی کُنجی پیش کی گئی، جو نائیجریا کے عوام کی جانب سے وزیر اعظم کے تئیں اعتماد اور احترام کی عکاسی کرتی ہے۔

نائیجریا میں رہنے والے مراٹھی برادری کے لوگوں نے مراٹھی زبان کو کلاسیکی درجہ دیئے جانے پر جناب مودی کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعظم کے سامنے روایتی **Laavni** رقص پیش کیا گیا۔

جناب مودی کے فوٹو کے ساتھ ماؤنٹ **Kilimanjaro** کی چوٹی سَر کرنے والے نوجوان نے بھی اُن سے ملاقات کی۔

نائیجریا سے وزیر اعظم مودی شام کو برازیل کے شہر **Rio De Janeiro** جائیں گے ، جہاں وہ جی ٹوئنٹی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے، جس کی میزبانی صدر **Lula Da Silva** کررہے ہیں۔ برازیل اور جنوبی افریقہ کے ساتھ ساتھ ، بھارت جی ٹوئنٹی کے تین ملکوں کے گروپ کا حصہ ہے اور وہ جی ٹوئنٹی سربراہ کانفرنس کے تبادلۂ خیال میں سرگرمی کے ساتھ اپنا رول ادا کرتا رہا ہے۔

اِس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی مختلف عالمی امور پر بھارت کا موقف پیش کریں گے۔

امید ہے کہ جناب مودی کئی رہنماؤں کے ساتھ بات چیت بھی کریں گے۔ اپنے دورے کے تیسرے اور آخری مرحلے میں وزیر اعظم منگل کو گیانا کے تین دن کے سرکاری دورے پر روانہ ہوں گے۔ **x**

**DRDO**

دفاعی تحقیق اور ترقی کی تنظیم **DRDO** نے کل اڈیشہ کے ساحل کے نزدیک ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام جزیرے سے بھارت کے پہلے طویل دوری کے ہائپر سونِک میزائل کی کامیاب آزمائش کی۔ یہ ہائپر سونک میزائل مسلح افواج کیلئے ڈیڑھ ہزار کلومیٹر سے زیادہ کی دوری تک مختلف طرح کے **Payloads** لے جانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے میزائل کی آزمائش کو ایک تاریخی کامیابی قرار دیا ہے، جس سے بھارت اُن چنندہ ملکوں میں شامل ہوگیا ہے، جن کے پاس اِس طرح کی اہم اور جدید طرز کی فوجی تکنیک ہے۔ جناب سنگھ نے اِس کامیاب تجربے کیلئے **DRDO** ، مسلح افواج اور صنعت کو مبارکباد دی ہے۔ **x**

**PM - BALASAHAB THACKERAY**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بالا صاحب ٹھاکرے کو ، اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ بالا صاحب ٹھاکرے ایک نظریہ ساز شخصیت تھے، جنہوں نے مہاراشٹر کی ترقی اور مراٹھی لوگوں کو بااختیار بنانے کے کاز کیلئے کام کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ بالا صاحب ٹھاکرے کے عزم اور پختہ جذبے سے آنے والی نسلوں کو تحریک ملتی رہے گی۔ x

**REV KAILASH GAHLOT RESIGNATION**

دلّی کے وزیر اور عام آدمی پارٹی کے کیلاش گہلوت نے پارٹی سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کیجریوال کو بھیجے گئے اپنے استعفے میں جناب گہلوت نے کہا ہے کہ پارٹی کو آج سنگین چیلنجوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا ہے کہ سیاسی خواہشات نے عوام کے تئیں پارٹی کے عہد اور وعدوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے، جس کی وجہ سے کئی وعدے پورے نہیں ہوسکے ہیں۔ x

**JANJATIYA GAURAV PAKHWADA - EDUCATION**

بھگوان برسا مُنڈا کی وراثت کو اجاگر کرنے کی خاطر پورے ملک میں تعلیمی ادارے جَن جاتیہ گورو پکھواڑہ منا رہے ہیں۔ اِس کا مقصد بھارت کی شاندار قبائلی وراثت اور قبائلی برادریوں کی دین کے تئیں احترام کا اظہار کرنا ہے۔ اِس سے آنے والی نسلوں کو قبائلی افراد کی قربانیوں کو یاد رکھنے کیلئے ترغیب ملے گی اور اُن کے ثقافتی طور طریقوں اور فنون کو محفوظ رکھنے کیلئے حوصلہ افزائی ہوگی۔ سرکار نے قبائلی برادریوں کی بہبود اور اُن کا معیارِ زندگی بہتر بنانے کیلئے کئی اسکیمیں شروع کررکھی ہیں۔ x

**TOMATO PRICES**

ٹماٹر کی بہتر سپلائی کے تناظر میں پچھلے ایک مہینے میں اِس کی قیمتیں 22 فیصد سے زیادہ نیچے آگئی ہیں۔ اِس مہینے کی 14 تاریخ کو ٹماٹر کی اوسط خردہ قیمت کم ہوکر 52 روپے 35 پیسے فی کلوگرام ہوگئی، جبکہ 14 اکتوبر کو یہ 67 روپے 50 پیسے فی کلوگرام کی سطح پر تھی۔ اِس طرح ٹماٹر کی قیمت 22 اعشاریہ چار فیصد کم ہوئی ہے۔ x

**AUS - JAPAN - US**

آسٹریلیا ، جاپان اور امریکہ نے بھارت - بحرالکاہل خطے میں بھارت کی بحری نگرانی کی کوششوں میں معاونت

کرنے کے اپنے عہد کو دوہرایا ہے۔ آسٹریلیا کے نائب وزیر اعظم اور وزیر دفاع **Richard Marles** ، جاپان کے وزیر دفاع **Nakatani** اور امریکہ کے وزیر دفاع **Lloyd Austin** نے آسٹریلیا کے شہر **Darwin** میں وزراء دفاع کی **14**ویں سہ فریقی میٹنگ کا انعقاد کیا ۔ اِس کے بعد ایک مشترکہ بیان جاری کیا گیا۔ **x**

## CAMPAIGNING

مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں آسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم زور شور سے جاری ہے اور یہ کل ختم ہوجائے گی۔

مہاراشٹر میں واحد مرحلے کے انتخابات کے تحت بدھ کے روز ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مجموعی طور پر چار ہزار **136** امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ اِن میں سے **363** خاتون امیدوار ہیں۔

اِدھر جھارکھنڈ میں آسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے میں اِس مہینے کی **20** تاریخ کو ہی پولنگ ہوگی۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈر ، رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے ہیں۔

بوکارو ضلعے میں ایک چناؤ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے، **BJP** کے صدر جے پی نڈا نے جھارکھنڈ کی ہیمنت سورین سرکار پر بڑے پیمانے پر بدعنوانی اور بدنظمی کا الزام لگایا۔

جناب نڈا نے عوام سے کہا کہ وہ ریاست میں اچھی حکمرانی کی خاطر ہیمنت سورین سرکار کو ہٹا دیں۔

دوسری طرف جھارکھنڈ مکتی مورچے کے لیڈر اور وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے **BJP** پر انہیں نشانہ بنائے جانے کا الزام لگایا۔ دُمکا میں ایک چناؤ جلسے میں جناب سورین نے کہا کہ **BJP** اصل معاملات سے عوام کی توجہ ہٹانے کی کوشش کررہی ہے۔ **x**

## ISRAEL - HEZBOLLAH

اسرائیل کی برّی افواج گذشتہ چھ ہفتے کے دوران لبنان میں سب سے اندرونی علاقے تک پہنچ گئیں۔ اِن افواج نے اسرائیلی سرحد سے کوئی پانچ کلومیٹر دور فوجی اہمیت کے حامل گاؤں **Chamaa** کو کچھ دیر کیلئے اپنے قبضے میں لے لیا۔ اِس کے بعد وہ وہاں سے پیچھے ہٹ گئیں۔

لبنان کی قومی خبر رساں ایجنسی کے مطابق اسرائیلی فوجیوں نے **Chamaa** میں ایک مذہبی مقام اور کئی گھروں کو دھماکے سے اڑا دیا لیکن اِس دعوے کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔ اسرائیلی فوج نے بھی مذہبی مقام پر حملے کے بارے میں کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے لیکن اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ جنوبی لبنان میں اُس کی کارروائی محدود ، مقامی اور نشانہ بناکر کی گئی تھی۔

اُدھر اسرائیل کے جنگی ہوائی جہازوں نے بیروت کے جنوبی مضافات میں حزب اللہ کے مضبوط گڑھ

Dahiyeh اور طائر سمیت جنوبی لبنان کے دیگر علاقوں پر بمباری تیز کردی ہے۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ اُس نے اُن مقامات کو نشانہ بنایا ہے ، جنہیں حزب اللہ گروپ استعمال کرتا ہے۔

اُدھر لبنان کے ذرائع کے مطابق حزب اللہ نے اُسی دن اسرائیل پر 60 سے زیادہ Projectile داغے۔ اسرائیل نے حزب اللہ کی فوجی صلاحیت کو ختم کرنے اور اسرائیل پر اُس کے حملے روکنے کے مقصد سے ستمبر کے اواخر میں یہ کارروائی شروع کی تھی۔ غزہ میں جاری لڑائی کے تناظر میں فلسطینیوں کے ساتھ یگانگت کے اظہار کے طور پر حزب اللہ گروپ اسرائیل پر حملے کرتا رہا ہے۔

اِدھر لبنان کی وزارتِ صحت نے بتایا ہے کہ اسرائیل کے حملوں میں تین ہزار 400 سے زیادہ افراد کی موت ہوچکی ہے اور اِن میں سے 80 فیصد سے زیادہ اموات گذشتہ دو مہینوں میں ہوئی ہیں۔ دوسری طرف اسرائیل نے کہا ہے کہ اُس کی فوجی کارروائی اِس لئے ضروری ہے کہ ہزاروں اسرائیلی لبنان کی سرحد کے نزدیک اپنے گھروں کو واپس آسکیں۔ x

## TYPHOON MAN-YI

فلی پینس میں ، ممکنہ طور پر زبردست تباہی مچانے والا طوفان Man-YI ، Luzon کے Bicol خطے میں Catanduanes کے مقام پر پہنچ گیا ہے۔ سرکاری محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ Man-YI، جسے مقامی طورپر Pepito کہا جاتا ہے، کل رات 195 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتارسے چلنے والی شدید ہواؤں کے ساتھ وہاں پہنچا ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ موسلادھار بارش اورتیز ہواؤں کے ساتھ آنے والے اس طوفان کے سبب لوگوں کی زندگی خطرے میں پڑسکتی ہے۔

ساحلی گاؤوں اور سیلاب کے امکان والے علاقوں سے چھ لاکھ پچاس ہزار سے زیادہ افراد کو وہاں سے نکال کر محفوظ مقام پر پہنچادیا گیا ہے۔ محکمے نے بتایا ہے کہ تیز بارش سے فصلوں اوربنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا ہے۔ زبردست تباہی کی

وجہ سے کئی صوبوں کو آفت زدہ قراردیا گیا ہے۔ اس طوفان کے آج رات یا کل صبح تک جنوبی بحیرہ چین کی جانب بڑھنے کا امکان ہے۔xx

## SL - SWEARING IN CEREMENY

سری لنکا میں ، حکومت کی نئی کابینہ کی حلف برداری کی تقریب کل صدارتی سیکریٹریٹ میں منعقدہوگی۔ اس موقع پر صدر Anura-Kumara-Dissanayake بھی موجود ہوں گے۔مقامی میڈیا کی خبروں سے معلوم ہوتا

ہے کہ صدر ایک 23 رکنی کابینہ تشکیل دینا چاہتے ہیں جبکہ وہ دفاع اور خزانے کے کلیدی قلمدان اپنے پاس رکھیں گے۔

خبروں کے مطابق Dr, Harini- Amara-Suriya کو پھرسے وزیراعظم مقرر کیا جانا طے ہے جبکہ Vijitha-Herath وزیرخارجہ کے طور پراپنے فرائض انجام دیتے رہیں گے۔××

## HOCKEY - WOMEN'S ASIA TROPHY

ہاکی میں آج شام بہار کے راج گیر ہاکی اسٹیڈیم میں خواتین کی ایشیائی چیمپئز ٹرافی میں بھارت گروپ مرحلے کے اپنے آخری میچ میں جاپان کا سامنا کرے گا۔ یہ میچ شام پونے پانچ بجے شروع ہوگا۔ بھارتی خواتین اِس ٹورنامنٹ میں ابھی تک ایک بھی میچ نہیں ہاری ہیں۔ بھارتی خواتین نے کُل شام چین کو تین - صفر سے ہرا دیا۔ بھارت نے اب تک کھیلے گئے اپنے چاروں میچوں میں کامیابی حاصل کی ہے اور 12 پوائنٹ کے ساتھ وہ اوّل مقام پر ہے۔ x

## REV REPEATH HEADLIENS

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور نائیجریا کے صدر بولا احمد Tinubu ابوجا میں بات چیت کرنے والے ہیں، جس میں کلیدی ساجھیداری اور باہمی تعلقات کا جائزہ لیا جائے گا۔
- ☆ نائیجریا ، وزیر اعظم نریندر مودی کو گرانڈ کمانڈر آف دی آرڈر آف Niger ایوارڈ سے سرفراز کرے گا۔
- ☆ مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم زور شور سے جاری ہے اور یہ کُل ختم ہوجائے گی۔
- ☆ بھارت نے اڈیشہ کے ساحل کے نزدیک طویل دوری کے پہلے ہائپر سونک میزائل کی کامیاب آزمائش کی ہے۔
- ☆ آسٹریلیا ، جاپان اور امریکہ نے بھارت - بحرالکاہل خطے میں بھارت کی بحری نگرانی کی کوششوں میں معاونت کرنے کے اپنے عہد کو دوہرایا ہے۔
- ☆ اور ہاکی میں، آج بہار میں خواتین کی ایشیائی چیمپئز ٹرافی میں بھارت کا مقابلہ جاپان سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

☆☆☆☆☆